Maulana Azad National Urdu University

Ph.D I Semester Examination December - 2019

Paper: (PHED102CCT) : Teacher Education (تعلیم اساتذہ)

Total Marks : 70 **Time : 3 hours**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات / خالی جگہ پُر کرنا / مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال: 1

(i) ایک شخص ایک اچھا استاد بن سکتا ہے۔ اگر وہ

(a) تدریس میں غیر معمولی دلچسپی رکھتا ہو (b) اپنے مضمون پر اچھی مہارت رکھتا ہو

(c) کمرۂ جماعت میں بہتر نظم و ضبط قائم کر سکتا ہو (d) بہتر ترسیلی مہارت کا حامل ہو

(ii) UNESCO کے مطابق استاد کے پیشہ ورانہ تقاضوں میں شامل ہے / ہیں۔

(a) طرز رسائی اور تدریسی حکمت عملیوں میں جدت پسندی (b) نفسِ مضمون پر عبور اور تدریسی استعداد

(c) اپنے پیشے کے ساتھ انصاف (d) یہ سبھی

(iii) اہم ترین تدریسی مہارت ہے۔

(a) استاد جو کچھ بیان کرے اس کی طلبہ تفہیم کر لیں (b) تدریس کے دوران طلبہ راحت محسوس کریں

(c) استاد اپنے مضمون کے نصاب کا احاطہ کرے (d) استاد باقاعدگی سے کلاسیس کا انعقاد کرے

(iv) طالب علم کے غلط جواب پر استاد کا بہترین ردِّ عمل ہے۔

(a) غلط جواب کو نظر انداز کرتے ہوئے اگلے سوال کی طرف پیش قدمی (b) غلط جواب دینے والے طالب علم کی سرزنش

(c) اس بات کی وضاحت کے دیا گیا جواب غلط کیوں ہے؟ (d) کسی دوسرے طالب علم سے صحیح جواب کو اخذ کرانا

(v) CPD سے مراد ہے۔

(a) Career Planning & Development (b) Comprehensive Planning & Development

(c) Continuous Professional Development (d) Comprehensive Professional Development

(vi) UGC - ASC کو کس سال میں نیا نام UGC HRDC دیا گیا۔

(a) 2015 (b) 2016 (c) 2017 (d) 2018

(vii) جسٹس ورما کی تعلیم اساتذہ سے متعلق اپنی سفارشات پر مبنی رپورٹ کا نام ہے۔

(a) Teacher Education in India

(b) Teacher Education in India for 21st Century

(c) Vision of Teacher Education in India - Quality & Regulatory Perspectives

(d) Education in India - Quality & Regulatory Perspectives

(viii) کونسا ادارہ B.Ed Nursery پروگرام چلاتا ہے۔

(a) علی گڑھ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ (b) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی حیدرآباد

(c) جامعہ ہمدرد دہلی (d) جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی

(ix) ادارہ QCI کس مقام پر قائم کیا گیا ہے۔

(a) بنگلورو (b) ممبئی (c) دہلی (d) لکھنؤ

(x) قومی تعلیمی پالیسی 2019 کے ڈرافٹ میں تعلیم کے کس جز کو پہلی بار مرکزی تعلیمی دھارے میں شامل کیا گیا۔

(a) تعلیم اساتذہ (b) تعلیم بالغان (c) پری سروس تعلیم (d) پری پرائمری تعلیم

حصہ دوم

2. تعلیم اساتذہ کے مقاصد اور اس کی وسعت پر روشنی ڈالیے۔

3. استاد بحیثیت پیشہ ور (Teacher as a Professional) سے آپ کیا سمجھتے ہیں۔ استاد کے کردار (Role) کی وضاحت کیجیے۔

4. اساتذہ کے حوالے سے Career Development Vs. Professional Development پر بحث کیجیے۔

5. تعلیم اساتذہ کی اصلاحات میں NCTE کے کردار کو واضح کیجیے۔

6. تعلیم اساتذہ میں عملی تحقیق کیوں انجام دی جانی چاہیے۔

7. تعلیم اساتذہ سے متعلق پالیسی سازی، منصوبہ بندی اور اس پر عمل آوری میں UGC کس طرح اثر انداز ہوتی ہے واضح کیجیے۔

8. بحیثیت پیشہ ور، اساتذہ کی خوبیاں اور خصوصیات بیان کیجیے۔

9. اساتذہ کے پیشہ وارانہ ارتقاء پر اثر انداز ہونے والے عوامل کا جائزہ پیش کیجیے۔

حصہ سوم

10. معلم الاساتذہ (Teacher Education) کے انتخاب کے طریقۂ کار سے آپ کس حد تک مطمئن ہیں۔ کیوں؟

11. تعلیمِ اساتذہ میں (Multimedia) کا استعمال کس طرح کیا جاسکتا ہے؟ اس ضمن میں اپنے کسی تجربے کو مفصل بیان کیجیے۔

12. ہمارے ملک میں تعلیم پر کی جانے والی تحقیقات سے آپ کس حد تک مطمئن ہیں۔ اس میدان میں حائل مسائل پر روشنی ڈالتے ہوئے واضح کیجیے کہ کسطرح (Quality Research) کو یقینی بنایا جاسکتا ہے۔

13. تعلیم اساتذہ کے قبل از ملازمت پروگراموں کو مزید بہتر بنانے کے لیے اپنی تجاویز پیش کیجیے۔ اس ضمن میں ہم ترقی یافتہ ممالک سے کس طرح استفادہ کرسکتے ہیں۔

14. تعلیم اساتذہ کے ضمن میں ورما کمیٹی کی سفارشات کو خاص مقام حاصہ ہے۔اس بیان پر بحث کیجیے۔